شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

13اکتوبر2023ء

# پریس ریلیز

## عالمِ کفر 'ملتِ واحدہ' بن کر مسلمانوں کو للکار رہا ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** عالمِ کفر 'ملتِ واحدہ' بن کر مسلمانوں کو للکار رہا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ غزہ کی کھلی جیل میں محصور اور مظلوم مسلمانوں نے قابض صیہونیوں کو ارضِ مقدس سے نکال باہر کرنے اور اسرائیلیوں سے اپنے علاقے واپس لینے کے لیے جوابی اقدام کیا ہے۔ فلسطینیوں کو پورا حق حاصل ہے کہ وہ پون صدی سے مسلسل جارحیت کا ارتکاب کرنے والے اسرائیل کے خلاف جوابی کاروائی کریں۔ اس وقت صورتِ حال یہ ہے کہ جذبہ ٔ ایمانی سے سرشار نہتے فلسطینی مسلمانوں پر اسرائیل وحشیانہ بمباری کر رہا ہے۔ اسرائیل کے تمام صیہونی شہری عسکری طور پر تربیت یافتہ اور قابض فوج کا حصہ ہیں وہ غزہ کا مکمل محاصرہ کر چکے ہیں اور جنگ کا باقاعدہ حصہ ہیں۔ غزہ کے بیس لاکھ سے زائد شہریوں کو اشیاء خورد ونوش، ادویات، بجلی، گیس اور پانی سمیت تمام بنیادی ضروریاتِ زندگی کی ترسیل روک دی گئی ہے۔ بد قسمتی سے مسلمان ملک مصر، غزہ کے محاصرے میں اسرائیل کا ہاتھ بٹا رہا ہے۔ مغربی ممالک کے حکمران اور میڈیا دن رات ہر سطح پر اور ہر طریقے سے اسرائیل کی بھرپور مدد کر رہے ہیں۔ وحشیانہ اسرائیلی مظالم کے خلاف اور فلسطینیوں کے حق میں اُٹھائی جانے والی ہر آواز پر سختی سے پابندی لگا دی گئی ہے۔ لیکن مسلمان ممالک کے حکمران کھل کر اسرائیل کی مذمت تک نہیں کر رہے چہ جائیکہ فلسطینی مسلمانوں کی مدد کریں۔ حقیقت یہ ہے کہ حرم مکی اور حرم مدنی کے بعد بیت المقدس مسلمانوں کے لیے مقدس ترین مقام ہے جو ہمارا قبلہ ٔ اوّل بھی ہے۔ لہٰذا فلسطین کی سرزمین اور وہاں بسنے والے مسلمانوں کا دفاع اور اُن کی مدد، دنیا بھر کے مسلمانوں کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ آج اگر مسلمان امتِ واحدہ کی صورت میں متحد ہوتے تو عالمِ کفر کو کبھی یہ جرأت نہ ہوتی کہ دنیا کے کسی بھی خطے میں مسلمانوں کو میلی نظر سے دیکھتا۔ حقیقت یہ ہے کہ فلسطین کا دفاع محض مذمتی بیانات سے نہیں بلکہ جرأت ایمانی کے ساتھ سفارتی، تجارتی اور عسکری اقدامات اٹھانے سے ہی ممکن ہے۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

## PRESS RELEASE: 13 October 2023

### “The disbelievers are openly challenging the Muslims as one nation.”

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): “The disbelievers are openly challenging the Muslims as one nation.”**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that the oppressed and caged Muslims in the open-air prison of Gaza have taken retaliatory action to expel illegal Zionists from the Holy Land and reclaim their territory. The Palestinian Muslims have the right to retaliate against the occupation of Zionists, who have been perpetrating unspeakable cruelty against them for 75 years. The situation on the ground is that Israel is savagely pounding with bombs the indefensible and exposed, yet brimming with faith, Palestinians. All Zionist citizens of Israel are trained in military combat and part of the occupation Israeli army as military reservists. They have been deployed on the border with Gaza and are part of the war of against the Muslims. Israel has blocked the access to food, water, medicine, electricity, gas and all other basic amenities of life for the two million inhabitants of Gaza. It is a shame that Egypt, a Muslim country, is working hand in glove with Israel to ensure the siege of Gaza. The western leaders and media are supporting Israel bluntly and candidly. Any voice raised against the brutalities of Israel against Palestinians is being silenced. However, the Muslim leaders are unwilling to even condemn Israel, let alone help the Palestinians. The truth is that the Al-Aqsa Mosque and the Holy Land of Palestine is the third most sacred site for Muslims after Makkah and Madinah. Therefore, it is the collective responsibility of Muslims worldwide to defend the Palestinians and the land of Palestine. Had the Muslims been united as ‘one-nation’ today, the enemies of Islam would never have dared to harm any Muslim anywhere in the world. The need of the hour is for the Muslim leaders to do more than mere lip-service and take diplomatic, economic and military action in support of the Palestinians.


**Issued by:**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**
**Tanzeem e Islami Pakistan**